## خدمت خلق فاؤنڈیشن نے بلوچستان کے ضلع ڈیرہ اللہ یار کے سینکڑوں سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سامان روانہ کردیا

## سیلاب متاثرین کیلئے اب تک امدادی سرگرمیاں جاری رہنا سیاست میں خدمت کے عمل کا منہ بولتا ثبوت ہے، مصطفیٰ کمال، نسرین جلیل

کراچی۔۔۔2، دسمبر 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے جمعرات کے روز بھاری مقدار میں امدادی سامان بلوچستان کے ضلع ڈیرہ اللہ یار کے سینکڑوں سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کردیا گیا۔ یہ امدادی سامان خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کراچی سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینیجنگ ٹرسٹی مصطفیٰ کمال اور رکن رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل نے بذریعہ ٹرین اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔ امدادی سامان میں سینکڑوں کمبل، جیکٹس، گرم ملبوسات، آٹا، چاول، گھی، تیل، نمک، چینی، چائے کی پتی، خشک دودھ، دالیں بسکٹ، غذائی اجناس، منرل واٹر، مصالحہ جات اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء شامل ہیں۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال اور محترمہ نسرین جلیل نے سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں میں مصروف خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو آج بھی سیلاب زدگان سے غافل نہیں ہے اور اس کے کارکنان و رضا کاران جناب الطاف حسین کی ہدایت پر آج بھی دن رات امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں جبکہ ملک کی کسی بھی سیاسی و مذہبی جماعت کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے کسی قسم کی سرگرمیاں دیکھنے میں نہیں آرہی ہیں جس سے واضح ہوتا ہے کہ انہیں نہ ہی سیلاب کی تباہ کاریوں کا اندازہ ہے اور نہ ہی انہیں متاثرین کی کوئی پرواہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سیاست میں خدمت کے فلسفہ کو متعارف کرایا ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے اب تک امدادی سرگرمیاں جاری رہنے کی وجہ بھی سیاست میں خدمت کے عمل کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال اور محترمہ نسرین جلیل نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے ساتھ امدادی سرگرمیوں میں ہاتھ بٹایا اور انہیں سیلاب متاثرین کیلئے خدمات انجام دینے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## مولانا اسد تھانوی اور مولانا عبدالصمد سومرو کی سربراہی میں دیوبند مسلک کے وفد کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔2، دسمبر 2010ء

وفاق المدارس کراچی کے علمائے کرام مولانا اسد تھانوی اور مولانا عبدالصمد سومرو کی سربراہی میں دیوبند مسلک کے ایک 12 رکنی وفد نے جمعرات کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور واسع جلیل سے ملاقات کی اور محرم الحرام کے موقع پر شہر میں قیام امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں علمائے کرام نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اتحاد بین المسلمین اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشیں قابل تعریف ہیں اور انہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے تمام مسالک کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں اسے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس موقع پر علمائے کرام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت و تندرستی اور ناگہانی آفات سے بچاؤ کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے علمائے کرام کے وفد کی نائن زیرو آمد کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس کے مطابق ایم کیوایم شہر، صوبے اور ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور اتحاد بین المسلمین کیلئے کام کرتی رہے گی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 23 پاکستان چوک کے کارکن محمد شاویز قریشی کے بڑے بھائی محمد پرویز قریشی اور ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 3 کے کارکن عبداللطیف کے بھائی شکیل احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## دن ٹی وی کے بیورو چیف مہر حمید انور کے چچا مہر لال خان کے انتقال پر ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کا اظہار افسوس

کراچی 2 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ اطلاعات کے اراکین نے دن ٹی وی کے بیورو چیف مہر حمید انور کے چچا مہر لال خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں شعبہ اطلاعات کے اراکین نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت کے تحت عوام کی بلا امتیاز عملی خدمت کررہی ہے،سیف یار خان،افتخار اکبر رندھاوا،

گجرانوالہ۔۔۔2 دسمبر 2010ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان،اور افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے نظریہ حق پرستی کی بنیاد غریب و متوسط طبقے کی عوام کو انکے بنیادی حقوق دلانے کیلئے رکھی جو گزشتہ 63 سالوں سے ملک میں جاگیر دارانہ وڈیرانہ نظام تلے انکی غلامی میں جکڑے ہوئے ہیں۔یہ بات لاہور زون کے زیر اہتمام جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شبیر قائم خانی،رکن اظہار احمد خان کے علاوہ ایم کیو ایم گجرانوالہ زون،ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ارکان ایم کیو ایم شعبہ خواتین اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ایک نظریاتی تنظیم ہے جس میں ہزاروں کارکنان سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی اور بھتیجے کا لہو شامل ہے اور اس تحریک کی آبیاری کیلئے جو پودہ 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی میں لگایا گیا وہ آج ایک تناور درخت کی مانند پوری دنیا میں اپنی شاخیں پھیلا چکا ہے جو کہ نظریہ حق پرستی کی سچائی کی واضح دلیل ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم مخالف جماعتوں نے اس کے کیخلاف کئی بے بنیاد من گھڑت سازشوں کے ذریعے ایم کیو ایم کو پنجاب کے عوام سے دور کرنے کی کوشش کی لیکن حالات اور واقعات نے ایم کیو ایم کو عوام کے اور قریب کردیا جو کہ حق کی فتح ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق سیاست برائے خدمت پر عمل کرتے ہوئے بلاتفریق،امتیاز رنگ و نسل،زبان عوام کی عملی خدمت کررہی ہے اور یہ ہی مشن و مقصد لیے آج ایم کیو ایم پنجاب میں آپ کے درمیان موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ آج موجودہ حالات میں جاگیرداروں اور وڈیروں نے ملک کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کردیا ہے اس سے نجات کیلئے ملک میں بہت جلد انقلابی تبدیلی رونما ہوگی جو کہ 98 فیصد غریب و مظلوم عوام کیلئے امید کی ایک کرن ثابت ہوگی۔

## سندھ میں سندھی ٹوپی اور اجرک کے دن کے موقع پر ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی مبارکباد

کراچی ۔۔۔2 دسمبر 2010ء

ایم کیو ایم شعبہ خواتین نے 5 دسمبر 2010 کو سندھ میں منائے جانے والے سندھی ٹوپی اور اجرک کے دن کے موقع پر ملک بھر خصوصاً سندھ کے عوام کو زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سندھ کے صوفی شاعر شاہ عبدالطیف بھٹائی نے ہمیشہ اپنی شاعری میں جس حق پرستانہ تعلیمات کا اور فلسفہ انسان دوستی کا ذکر کیا ہے جو کہ سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان پیار،محبت،بھائی چارگی امن و استحکام کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔شعبہ خواتین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے شاہ عبد الطیف بھٹائی کے فکر و فلسفہ پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اپنی قیادت کے ذریعے سندھ دھرتی پر بسنے والے سندھ کے مستقل باشندوں کو اپنی دوراندیش سوچ و فکر سے اُجاگر کیا جو آج سندھ کیلئے امن و سلامتی اور یکجہتی کا عملی ثبوت ہے۔

## رابطہ کمیٹی اور ایم کیو ایم برطانیہ کا سید ناصر علی کے والد سید نیاز علی کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن:۔۔۔02 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم برطانیہ برمنگھم کی یونٹ کمیٹی کے رکن سید ناصر علی کے والد سید نیاز علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی سید ناصر علی کے والد سید نیاز علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆